1809 ـ کیا صف مکمل ہونے کی صورت میں مقتدی امام کے دائیں جانب کھڑا ہو

سوال

صف میں جگہ نہ ہونے کی بنا پر امام کے دائیں جانب کھڑے ہو کر نماز ادا کرنے والے کی نماز کا حکم ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

سنت یہ ہے کہ اگر مقتدی دو یا زیادہ ہوں تو امام ان سے آگے کھڑا ہو گا، انتہائی ضرورت کے بغیر امام کے دائیں کھڑا ہونا صحیح نہیں، مثلا اگر مسجد بھر چکی ہو اور امام کے دائیں جانب کے علاوہ کوئی اور جگہ نہ ملے تو اس میں کوئی حرج نہیں.

اور دو ہوں اور انہیں امام کے ساتھ کھڑا ہونا پڑے تو ایك امام کے دائیں اور دوسرا بائیں کھڑا ہو، دونوں دائیں جانب نہ کھڑے ہو جائیں جیسا کہ یہ شروع میں تین افراد کے لیے مشروع تھا کہ امام ان کے درمیان کھڑا ہوتا تھا پھر اسے منسوخ کر دیا گیا کہ دونوں پیچھے کھڑے ہوں.

لوگوں کا جو عام خیال یہ ہے کہ اگر دو شخصوں کو امام کے ساتھ کھڑا ہونے کی ضرورت پیش آ جائے تو وہ صرف اس کے دائیں جانب کھڑے ہونگے اس کی کوئی اصل نہیں.

ہاں اگر وہ اکیلا ہو تو پھر امام کے دائیں جانب ہی کھڑا ہو گا.